اسٹونیا سے آنے والے وفد کی ملاقات

بعدازاں پروگرام کے مطابق ملک اسٹونیا (Estonia) سے آنے والے وفد نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے ملاقات کا شرف پایا۔ اسٹونیا سے چھ افراد پر مشتمل وفد آیا تھا۔

☆......ایک مہمان نے عرض کیا کہ: میں تیسری مرتبہ یہاں آیا ہوں۔ جلسہ کا انتظام ہر لحاظ سے بہت اعلیٰ تھا۔ بہت زیادہ متاثر ہوا ہوں۔

☆......ایک مہمان نے عرض کیا کہ میں پہلی مرتبہ جلسہ پر آیا ہوں۔ میڈیا ایجوکیشن کے شعبہ سے وابستہ ہوں۔ جلسہ سے بہت متاثر ہوا ہوں۔ میں نے ایسا مضبوط نظام پہلے کبھی کہیں نہیں دیکھا۔

☆......ایک فلسطینی خاتون نے عرض کیا کہ: میں پہلی مرتبہ جلسہ پر آئی ہوں۔ میرا تعلق فلسطین سے ہے لیکن میں اسٹونیا میں مقیم ہوں اور وہاں میری شادی ہوئی ہے۔ میں عربی سے انگریزی میں تراجم کا کام کرتی ہوں۔

حضور انور کے استفسار فرمانے پر موصوفہ نے بتایا کہ انہوں نے ابھی تک اسٹونین زبان نہیں سیکھی۔

☆......پاکستان سے آنے والے ایک احمدی طالبعلم نے بتایا کہ میں ماسٹرز کرنے کے لئے اسٹونیا آیا ہوں۔ وہاں مجھے داخلہ ملا ہے اور میں پڑھائی کر رہا ہوں۔ میرا ارادہ ہے کہ اگر جرمنی یا فن لینڈ میں داخلہ مل جائے تو وہاں تعلیم حاصل کروں۔ اس پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا کہ فن لینڈ میں زیادہ ضرورت ہے۔ وہاں داخلہ ملتا ہے تو وہاں پڑھائی کرلیں۔ وہاں سے پڑھائی مکمل کر کے کسی دوسرے ملک میں جاسکتے ہیں۔ لیکن جب تک آپ کو باقاعدہ کسی دوسرے ملک میں داخلہ نہیں مل جاتا آپ نے آگے نہیں نکلنا اور اسٹونیا میں ہی قیام کر کے اپنی تعلیم مکمل کرنی ہے۔

☆......ایک مہمان نے عرض کیا کہ ہم نے جلسہ سالانہ سے بہت لطف اٹھایا ہے۔ حضور انور کی تمام تقاریر سنی ہیں۔ یہ تقاریر ہماری آنکھیں کھولنے والی تھیں۔

☆......ایک مرد، عورت کی ذمہ داریوں کے حوالہ سے ایک مہمان کے سوال کے جواب میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا: مرد اور عورت دونوں کو ذمہ داریاں دی گئی ہیں۔ خاوند گھر کے اخراجات کا ذمہ دار ہے اور اسلامی تعلیم کے مطابق گھر کی دیکھ بھال اور بچوں کی تربیت کی ذمہ داری عورت کی ہے۔ اسلام عورت کو تعلیم حاصل کرنے سے نہیں روکتا۔ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ جس عورت کی دولڑکیاں ہیں اور وہ ان کی اچھی تربیت کرتی ہے وہ جنت میں جائے گی۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا: بعض خواتین کسی خاص پروفیشن میں تعلیم حاصل کرتی ہیں۔ ایسی خواتین اپنے پروفیشن میں جاسکتی ہیں اور ساتھ ساتھ گھر کا انتظام بھی Manage کرسکتی ہیں۔

☆......ایک مہمان نے یہ سوال کیا کہ خدا سے پہلے کیا تھا؟

اس کے جواب میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا: خدا سے پہلے کچھ نہ تھا۔ صرف خدا ہی تھا۔ آپ جس طرف سے جہاں بھی پہنچیں گی وہاں آخر پر خدا ہی ملے گا۔ جہاں کچھ بھی نہیں ہے وہاں خدا ہی ہوگا۔ Big Bang سے پہلے بھی خدا تعالیٰ تھا اور Black Hole کے بعد بھی خدا ہی ہوگا۔

☆......حضرت مسیح علیہ السلام کی بن باپ پیدائش کے حوالہ سے ایک سوال کے جواب میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا: حضرت مسیح علیہ السلام جو بن باپ پیدا ہوئے ہیں اس کی اور بھی کئی مثالیں تاریخ سے ملتی ہیں اور جماعتی لٹریچر میں موجود ہیں کہ بغیر مرد کے تعلق کے اولاد ہوئی ہے۔

اسٹونیا کے وفد کی ملاقات دو بجکر دس منٹ تک جاری رہی۔ بعدازاں وفد کے ممبران نے باری باری حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے تصویر بنوانے کی سعادت پائی۔